लाल बंगला

لال بنگلہ

ادا کاران

پرتھوی راج۔ شیخ مختیار
سجیت کمار۔ شیاما

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

گانا مرا گانے
لال بنگلہ فلم کے

حسین وادیو
فضاؤں سے کہہ دو ہواؤں سے کہہ دو
میرا یار میرا پیار لے کے آیا ہے
صورت ہے بھولی سی قاتل ہر اک ادا
دل و جان سے ہوں میں تو اس پہ فدا
کوئی جانے نہ جانے کوئی مانے نہ مانے
میں تو کہتا ہوں اُن کو خداؤں کے خدا
میرا پیار میرا پیار میرا یار میرا پیار
وہ تو آنکھوں میں خمار لے کے آیا ہے
حسین وادیو
کلی سے ہے نازک پھولوں سے بھی حسین
میرے یار جیسا کوئی بھی زمانے میں نہیں
اُس جیسی نازنین اُس جیسی دِلنشیں
دنیا کے بھی ڈھونڈو تو ملے گی نہ کہیں
میرا یار میرا پیار - میرا یار میرا پیار
وہ تو دِل کا قرار لے کے آیا ہے
حسین وادیو

لہرا کے وہ چلے بل کھا کے وہ چلے
ڈالی جیسے تو لچکتی ہے پتلی کمر
شرمائے بھی ذرا گھبرائے بھی ذرا
ابھی پیار کی راہوں میں نیا نیا ہے سفر
میرا یار میرا پیار ۔ میرا یار میرا پیار
وہ اُمیدوں کا نکھار بن کے آیا ہے
۔ جیون دادیو

گانا نمبر ۲ :۔ آ.....
آ..... باہوں میں آجا آ...
سانسوں پہ چھا جا
ایسا موسم کہاں پھر آئے گا پیار کا
آ..... باہوں.....
ہونٹوں پہ ہونٹوں کے سائے جواں نا چیں تو کیا بات ہے
کیوں اب رہیں دوریاں پیار میں پہلی ملاقات ہے
تیرے لئے میں میرے صنم کب سے تڑپتی رہی
دیکھا تجھے تو یہ دل نے کہا تو ہے وہی تو وہی آ...
شاید کبھی پھر ہمیں نہ ملیں مہکی یہ تنہائیاں
ہے یہ تقاضا حسین رات کا مل جائیں پرچھائیاں
ہو جا گھڑی بھر کو مہرباں ہے یہ میری التجا
جانِ جگر میرے پیار کو اتنا نہ تو آزما ۔ آ...
باہوں میں آجا..

گانا نمبر ۳: ت آ .....

سنائی دے نہ دے تم کو نہیں آواز دیتے ہیں
ہمیں دیکھو نہ دیکھو تم تمہیں ہم دیکھتے ہیں
اندھیرا کیا اگر دل میں وفا کے دیپ جلتے ہیں
جدائی کیا تصور میں تو تم ہم ساتھ چلتے ہیں
سنائی دے نہ دے —

ترستے ہو گئیں صدیاں نہ دل کو اور ترساؤ
ہے دھرتی کی طرح پیاسی گھٹا بن کر برس جاؤ
سنائی دے نہ دے —

بھنور کی آنکھ ہے ہم پر کھڑے ہیں تم کنارے پر
بتاؤ تم نے چھوڑا ہے ہمیں کس کے سہارے پر
سنائی دے نہ دے —

ابھی نزدیک آؤ تم ابھی کچھ اور ہے دوری
ہمیشہ کے لیے مل جاؤ رہ جائے نہ مجبوری
سنائی دے نہ دے —

گانا نمبر ۴: خوشیاں ہزار لے کے دل کا قرار لے کے
دن ایسا آئے بار بار جیا دیتا ہے تم کو دعا
دعا دیتا ہے تم کو دعا
خوشیاں ہزار لے کے —

جھومے جی جھومے بہار دل میں جھومے جوانی
آں یہ جوانی

مسکراتی رہے گنگناتی رہے زندگانی ۔ اوئے زندگانی
چھیڑ جائے کوئی دل کے تار
جیا دیتا ہے تم کو دعا
خوشیاں .....
چھائے رہیں نگاہوں میں رنگیں نظارے
ہاں یہ نظارے
نور برسائیں راہوں میں تیرے حسیں چاند تارے
اوئے چاند تارے
حسن پہ ادر آئے نکھار ۔ جیا دیتا ہے تم کو دعا
خوشیاں ——
پورے ہوں ارماں ادھورا نہ ہو کوئی سپنا
ہاں کوئی سپنا
لہرا کے دل میں سما کے بنے کوئی اپنا
اوئے کوئی اپنا
جیسے گلشن میں آئے بہار ۔ جیا دیتا ہے تم کو دعا
خوشیاں ——
گانا نمبر ۵ ۔ کیوں بس روٹھ گئے
روٹھے ہو صنم تو پھر کیا ہے ۔ ہم کو منانا آتا ہے
روٹھے ہو
بل کھاتی سلونی باہوں کو
جب ڈالیں گے ہم تیرے گلے

اک پل میں ابھی ہٹ جائیں گے
تب پیار کے سارے شکوے گلے
روٹھے ہو ـــــ

نشانوں پہ تیرے جب لٹ میری مچلے گی اور لہرائے گی
غصے کی جگہ پھر چہرے پہ ہلکی سی ہنسی آجائے گی
روٹھے ہو ـــــ

آخر بس منانے کی تم کو آتی ہے ہمیں یہ خاص ادا
تم ما کے ذرا سا کہہ دیں گے
مورے راجہ جی ہم سے ہو کاہے خفا
روٹھے ہو ـــــ

گانا نمبر۶: ـ چاند کو کیا معلوم چاہتا ہے اسے کوئی چکور
وہ بیچارہ دور سے دیکھے کرے نہ کوئی شور
دور سے دیکھے اور للچائے پیاس نظر کی بڑھتی جائے
بدھی کیا جانے ہے پاگل کیسی کے من کا مور
چاند کو ـــــ
ساتھ چلے تو ساتھ نبھانا
میرے ساتھی بھول نہ جانا
میں نے تمہارے ہاتھ میں دے دی
اپنی جیون ڈور
چاند کو کیا معلوم ـ
تمام شد

مکمل کشیدہ کاری

لڑکیوں بچیوں کو کڑھائی کا کام سکھانے والی بے لاجواب کتاب ہے جس میں بیسیوں قسم کی بیلیں اور بوٹوں کے ڈیزائن چادر۔ میز پوش۔ کُرتے۔ قمیص۔ پاجامے۔ تکیے۔ وغیرہ کاڑھنے کے عجیب عجیب نقش و نگار چھاپے گئے ہیں۔ ایک سے ایک خوبصورت ڈیزائن آپ کو ملے گا جس کو کاربن پیپر کے ذریعہ آپ کپڑوں پر اتار کے کاڑھ سکتی ہیں۔ ایسی لاجواب کتاب مشکل ہی سے ملتی ہے۔

قیمت صرف چار روپے معہ ڈاک خرچ

عشرت شباب

یہ لاجواب کتاب دہلی کے مشہور حکیم جناب حافظ محمد اجمل خاں صاحب کے والد بزرگوار محمود خاں صاحب نے نوجوانوں پر رحم فرما کر تصنیف کی ہے جنسیات کے بارے میں قیمتی معلومات درج ہیں۔

قیمت صرف ۔/۱ ۔/۸ معہ ڈاک خرچ

پان کی دکان

(ہر طرح کے پان کے مصالحے بنانا)

ہمارے دیش میں پان کھانا ایک عام رواج ہے۔ اگر آپ اپنے سواد کو اور زیادہ مزیدار بنانا چاہتے ہیں۔ اور پان میں طرح طرح کے مصالحے ڈالنا چاہتے ہیں۔ تو ہماری اس کتاب کی مدد سے حاصل کریں

قیمت صرف ۔/۱ ۔/۳ معہ ڈاک خرچ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

اعلیٰ پریس دہلی